# غصب

<"xml encoding="UTF-8?>

غصب

۱سوال: موزیک کی کیسیٹ مالک کی اجازت کے بغیر اس کے مال سے نکال کر اسے ضایع کرنے یا اس ہر قرآن ریکارڈ کرنے کا کیا حکم ہے، جبکہ مالک کے لیے اہمیت نہ رکھتی ہو۔

جواب: نہی عن المنکر کے لیے بھی کسی کے مال میں تصرف کے لیے حاکم شرع کی اجازت ہونی چاہیے۔

۲سوال: مالک کی اجازت کے بغیر اس کی زمین سے آبیاری کے لیے پانی لے جانے کا کیا حکم ہے؟

جواب: جایز نہیں ہے مگر یہ کہ ایسا ہونا عام بات ہو اور خریداری کے وقت اس کے جایز ہونے کی شرط عرف میں معمول ہو۔

۳سوال: غصبی باغ کے میوے کھانے، لحاظ میں یا زبردستی اس میں بیٹھنے کا کیا حکم ہے؟

جواب: اس میں بیٹھنا اور اس کے میوہ کھانا جایز نہیں ہے، لحاظ کرنا یا شرمانا عذر نہیں بن سکتا۔

۴سوال: غصبی کارخانوں یا غصبی زمین پر بنے ہوئے کارخانوں میں بننے والے سامان کا خریدنا جایز ہے؟

جواب: جایز ہے۔